دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

سی آئی ای، جامعہ ملیہ اسلامیہ پردھان منتری وراثت کا سموردھن اسکیم کے تحت چار سو پچاس خواتین کو قیادت اور انٹر پرینیورشپ میں تربیت فراہم کرے گا

New Delhi, May 11, 2026

سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینیورشپ (سی آئی ای)، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پردھان منتری ویرات کا سموردھن اسکیم (وی آئی کے اے ایس پی ایم) کے تحت 'قیادت کی ترقی کی بنیادی باتیں' پروگرام کا پہلا بیچ کامیابی سے منعقد کیا۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پراجیکٹ کو پوری طرح سے وزارت اقلیتی امور کی طرف سے مالی اعانت حاصل ہے۔ اس سکیم کے تحت، سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینیورشپ چار سو پچاس خواتین کی قیادت اور کاروباری ترقی کے بارے میں تربیت کا اہتمام کرے گا جسے عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی دور اندیش قیادت کی رہنمائی حاصل ہے۔

پروگرام کا پہلا بیچ بائیس اپریل دو ہزار چھبیس کو کامیابی کے ساتھ مکمل ہوا اور آٹھ مئی دو ہزار چھبیس کو جامعہ ملیہ اسلامیہ میں تقسیم اسناد کی تقریب منعقد ہوئی۔ محترمہ نیہا گری، آئی اے ایس، ڈائریکٹر، پی ایم وکاس، اقلیتی امور کی وزارت، حکومت ہند نے اس موقع پر بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔

تربیتی پروگرام کو کامیابی سے مکمل کرنے والے طلبہ کے ساتھ ساتھ جاری بیچوں کے شرکا کے ساتھ بات چیت کے دوران، محترمہ نیہا گری نے جامعہ ملیہ اسلامیہ اور سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینیورشپ کی قیادت اور ہنر مندی کی ترقی کے اقدامات کے توسط سے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کی مساعی کی تعریف کی۔ انہوں نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ قوم کی تعمیر اور کمیونٹی کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے لیے اپنی بات چیت، قیادت اور کاروباری صلاحیتوں کو مسلسل بڑھائیں۔ انہوں نے اس موقع پر پراعتماد، ہنرمند اور خود انحصار نوجوان پیدا کرنے کے لیے پی ایم وکاس کے تحت صلاحیت سازی کے پروگراموں کی اہمیت بھی اجاگر کی۔

اقلیتی امور کی وزارت کے وفد نے عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ سے بھی ملاقات کی اور جدت، انٹر پرینیورشپ، اور ہنر پر مبنی تعلیم کے لیے یونیورسٹی کے

اقدامات کی ستائش کی۔

سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینیورشپ کے ڈائریکٹر پروفیسر ریحان خان سوری نے سینٹر کی سرگرمیوں اور حصولیابیوں کا تفصیلی جائزہ پیش کیا۔انھوں نے مختلف انٹر پرینیورشپ ڈوپلپمنٹ پروگراموں، اختراعی اقدامات، انکیوبیشن سپورٹ، ہنر پر مبنی تربیتی پروگرام، اورا سٹارٹ اپ ایکوسسٹم کی سرگرمیوں پر روشنی ڈالی جو مرکز کے ذریعے طلبہ اور خواہش مند کاروباری افراد کے فائدے کے لیے کی جارہی ہیں۔

پروگرام کے اخیر میں شرکا کو اسناد کی تقسیم کی گئیں اور معزز مہمانان، فیکلٹی اراکین، ٹرینیز اور طلبہ کے پروگرام کو کامیاب بنانے میں ان کی فعال شرکت اور تعاون کے لیے شکریہ کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ